بانیٔ جماعت تبلیغ حضرت جی مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ
کے نکاح کے موقع پر عظیم الشان وعظ

فوائد الصحبۃ

اللہ والوں کی صحبت کے فوائد و ثمرات

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ

باہتمام
جامعہ اشرف المدارس کراچی

بانی جماعتِ تبلیغ حضرت جی مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ
کے نکاح کے موقع پر

عظیم الشان وعظ

فوائد الصحبة

(اللہ والوں کی صحبت کے فوائد وثمرات)

از

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ

باہتمام
جامعہ اشرف المدارس کراچی

خرابی کا ترتب تو ظاہر ہے اور اس کے واسطے نصوص وعید دلیل کافی ہیں اور دنیوی خرابی کا ترتب اس طرح ہے کہ جس کا جی چاہے دیکھ لے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم پر عمل کر کے ہر پریشانی سے نجات ہوتی ہے اور اسی طرح مخالفت کرنے سے پریشانی کا ہجوم ہوتا ہے۔ اور میں یہ نہیں کہتا کہ عمل کرنے سے ہر تعب سے نجات ہوتی ہے مگر پریشانی سے ضرور نجات ہوتی ہے۔ اسی پر حکامت یاد آئی کہ مولوی غلام مصطفیٰ جو میرے ایک دوست ہیں وہ ایک رئیس کے لڑکوں کو پڑھاتے تھے اور نماز بھی پانچوں وقت پڑھواتے تو ان لڑکوں کی ماں کوستی تھی کہ اس مولوی نے میرے بچوں کو زکام میں مبتلا کر دیا صبح کو وضو کرواتا ہے۔ سو صاحب ایسی مشقت تو دین میں ہوتی ہے۔

اسلام میں حرج نہیں

مولانا فضل الرحمٰن صاحب علیہ الرحمۃ سے ایک شخص نے آکر پوچھا کہ ایک عورت کا شوہر گم ہوگیا ہے۔ مولوی صاحبؒ نے فرمایا کہ مرد کی نوے برس کی عمر تک انتظار کرو۔ کہنے لگا کہ جناب اس میں تو بڑا حرج ہے اور دین میں حرج نہیں۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ بھائی اگر یہ حرج ہے تو جہاد میں بھی حرج ہے۔ سو حرج کے یہ معنی نہیں۔ حرج کہتے ہیں پریشانی اور الجھن کو سو اسلام میں یہ نہیں۔ ہاں! تعب و مشقت ہے تو کیا دنیا کے کاموں میں تعب اور مشقت نہیں ہے۔

عامل شریعت کو پریشانی نہیں ہوتی

واللہ! جو شخص شریعت پر عمل کرے گا تمام پریشانیوں سے نجات میں رہے گا۔ اس پر شاید کوئی یہ کہے کہ ہم بہت دینداروں کو دیکھتے ہیں کہ وہ اکثر تکلیف میں رہتے ہیں مثلاً ان کی آمدنی کم ہوتی اور خرچ تنگی سے ہوتا ہے تو جواب یہ ہے کہ یہ تکلیف جسم پر ہے